پریس ریلیز

جنرل ہسپتال گائنی آؤٹ ڈور میں قائم کورونا ویکسی نیشن کاؤنٹر کے نتائج حوصلہ افزا

ایک ماہ کے دوران 850 حاملہ خواتین نے استفادہ کیا، ہر شخص کے لئے ویکسین لگوانا ناگزیر: پرنسپل پی جی ایم آئی

دنیا میں کورونا کی نئی قسم کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستانی ماہرین کو حکمت عملی از سر نو مرتب کرنا ہوگی

مریضوں ولواحقین کو بیماریوں کے متعلق شعور اجاگر کرنا اور " کونسلنگ " بھی ضروری: پروفیسر سردار الفرید ظفر

لاہور یکم دسمبر:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال شعبہ گائنی آؤٹ ڈور میں قائم کورونا ویکسی نیشن کاؤنٹر سے ایک ماہ کے دوران 850 حاملہ خواتین نے استفادہ کیا اور پبلک سیکٹر ہسپتالوں میں یہ منفرد اعزاز سب سے پہلے ایل جی ایچ کو حاصل ہوا ہے جہاں آنے والی خواتین کو طبی سولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ کورونا سے محفوظ رہنے کے لئے ویکسین لگائی جا رہی ہے اور اب تک اس کاؤنٹر کے نتائج حوصلہ افزا ہیں۔یہ امر قابل ذکر ہے کہ حکومت پنجاب کے احکامات کی روشنی میں خواتین کی سہولت کیلئے مذکورہ کاؤنٹر یکم نومبر 2021 کو قائم کیا گیا تھا۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورونا ویکسی نیشن کاؤنٹر کے معائنہ کے موقع پر مریض خواتین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔میڈیکل سپر نٹنڈنٹ جنرل ہسپتال ڈاکٹر عامر غفور مفتی، ڈائریکٹر گائنی او پی ڈی ڈاکٹر ثمینہ توفیق، الفت نذیر، عارفہ رحمان و دیگر موجود تھے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ کورونا کی نئی قسم کی آمد کے خطرے کے پیش نظر ہر شخص کے لئے ویکسین لگوانا ناگزیر ہو گیا ہے اور اس بارے میں شعور اجاگر کرنے کیلئے بھرپور مہم چلانے کی ضرورت ہے تا کہ ہر شہری ویکسی نیشن کے ذریعے خود کو محفوظ بنا سکے۔ان کا کہنا تھا کہ کورونا سے بچاؤ اور اس سے محفوظ رہنے کی حکمت عملی کو مزید بہتر بنانے کیلئے صحت عامہ کے ماہرین کو آگے آنا چاہیے کیونکہ کورونا کی وجہ سے ہسپتال کے معاملات کو معطل کرنے سے عام لوگوں کو علاج معالجے اور آپریشن کی سہولیات سے محروم ہونا پڑتا ہے جس سے صحت کے مسائل جنم لیتے ہیں لہذا ضروری ہے کہ جنرل ہسپتال کی طرح تمام ہسپتالوں کے شعبہ گائنی میں خصوصی ویکسی نیشن کاؤنٹر قائم کیے جائیں تا کہ حاملہ اور ڈلیوری کیلئے آنے والی خواتین کی مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی بھی ہے کہ دیگر بیماریوں کی طرح کورونا کا علاج کرنے والے ڈاکٹرز و دیگر طبی عملہ محفوظ ماحول میں مذکورہ خواتین کو بلا خوف طبی سہولیات فراہم کر سکیں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں و لواحقین کو بیماریوں کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا اور ان کی " کونسلنگ " بھی ضروری ہے تا کہ لوگ اپنی حفاظت کیلئے بلا جھجک ویکسی نیشن کروائیں کیونکہ وفاقی اور صوبائی حکومت کے ماہرین کی بھی یہ ہدایت اور مشورہ ہے کہ کورونا کے خطرے کو کم کرنے اور اس وبا سے محفوظ رہنے کا واحد حل ہر شخص کی ویکسی نیشن ہے لہذا سو فیصد لوگوں کا یہ ہدف حاصل کرنا ضروری ہے جس کو عوام کے تعاون سے ہی ممکن بنایا جا سکتا ہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے شہریوں سے اپیل کی کہ حکومت کی جانب سے ویکسی نیشن کی مفت سہولیات سے فائدہ اٹھا کر اپنی اور دوسروں کی زندگیاں محفوظ بنائیں۔اس موقع پر انہوں نے کاؤنٹر پر موجود خواتین مریضوں سے گفتگو بھی کی اور اُن سے وہاں دی جانے والی سہولتوں سے متعلق دریافت کیا۔

☆☆☆☆

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر جنرل ہسپتال کے شعبہ گائنی آ وٹ ڈور میں قائم کورونا ویکسی نیشن کاؤنٹر کے
معائنے کے دوران گفتگو کرر ہے ہیں،دوسری طرف مریض خواتین ویکسین لگوا رہی ہیں